[چیرٹی کمیشن]

English	Urdu
TRUSTEES & GOVERNANCE	متولیان اور طرز تنظیم
The Essential Trustee	**اساسی متولی**
An introduction	ایک تعارف
A welcome from the Chair and Chief Executive of the Charity Commission	**چیرٹی کمیشن (Charity Commission) کے صدر اور منتظم اعلی کی طرف سے خیر مقدم**
You are probably reading this because you have just become, or are about to become, a charity trustee. If so, we welcome you and congratulate you. Your skills and energy will help to make a difference to your chosen charity.	آپ شاید اسے اس لئے پڑھ رہے ہیں کیونکہ آپ ابھی حال ہی میں رفاہی ادارے کے متولی (charity trustee) بنے ہیں، یا بننے والے ہیں- اگر ایسا ہے تو ہم آپ کا خیر مقدم کرتے ہیں اور آپ کو مبارکباد دیتے ہیں- آپ کی مہارت اور توانائی آپ کی چنیدہ چیرٹی میں تبدیلی لانے کے لئے معاون ثابت ہوگی-
You will become responsible for the charity's aims and direction, for its property, finances and the employment of any staff or volunteers. Without good and committed trustees, no charity can hope to succeed.	آپ چیرٹی کے مقاصد اور ہدایت دہی، اس کی املاک، مالیات اور کسی بھی عملہ یا رضاکاران کو ملازمت میں رکھنے کے ذمہ دار ہوں گے- بغیر اچھے اور اپنی ذمہ داریوں کے تئیں مخلص متولیوں کے، کوئی بھی رفاہی ادارہ کامیابی کی امید نہیں کر سکتا-
We would like to wish you well as a trustee, and hope that you will gain real satisfaction from making a contribution to society. The Charity Commission exists to regulate charities and protect their reputation. We are here to help and advise you and your colleagues.	ہم ایک متولی کی حیثیت سے آپ کی بھلائی کے خواہاں ہیں اور امید کرتے ہیں کہ سماج کو تعاون فراہم کرکے آپ کو حقیقی اطمینان حاصل ہوگا- چیرٹی کمیشن کا وجود رفاہی اداروں کو منظم اور ان کی نیک نامی کی حفاظت کرنے کے لئے ہے- ہم آپ اور آپ کے شریک کار ساتھیوں کو تعاون اور صلاح دینے کے لئے حاضر ہیں-

This booklet sets out a summary of your new responsibilities and duties, and also how you can get support and assistance from us and from other organisations.	یہ کتابچہ آپ کی نئی ذمہ داریوں اور فرائض کا خلاصہ پیش کرتا ہے، اور یہ بھی بتاتا ہے کہ آپ کو ہم سے اور دیگر تنظیموں سے امداد و تعاون کس طرح مل سکتا ہے۔
In this booklet, where we use ‘must’ we mean it is a specific legal or regulatory requirement affecting trustees or a charity. To help you easily identify a legal or regulatory requirement we have used the symbol. We use ‘should’ for items we regard as minimum good practice, but for which there is no specific legal requirement. Trustees should follow the good practice guidance unless there’s a good reason not to.	اس کتابچہ کے اندر جہاں ہم 'لازم' کا استعمال کرتے ہیں وہاں ہماری مراد یہ ہوتی ہے کہ یہ ایک خاص قانونی یا اصولی شرط ہے جو متولیوں یا کسی رفاہی ادارے پر نافذ ہوتی ہے۔ قانونی یا اصولی شرط کو بہ آسانی شناخت کرنے میں آپ کو مدد دینے کے لئے ہم نے علامت L کا استعمال کیا ہے۔ ہم 'چاہئے' کا استعمال ان چیزوں کے لئے کرتے ہیں جسے ہم کم از کم اچھا عمل تصور کرتے ہیں، لیکن جس کے لئے کوئی خاص قانونی شرط نہیں ہے۔ متولیوں کو چاہئے کہ صحیح عملی رہنمائی پر عمل کریں سوائے اس کے کہ ایسا نہ کرنے کے لئے کوئی معقول وجہ ہو۔
Dame Suzi Leather **Chair**	**ڈیم سوزی لیدر** **صدر**
Andrew Hind **Chief Executive**	**انڈریو ہنڈ** **منتظم اعلی**
Who are charity trustees?	**چیرٹی کے متولی کون ہوتے ہیں؟**
Charity trustees are the people who form the governing body of a charity. They may be known as trustees, directors, board members, governors or committee members. Trustees are responsible for controlling the management and administration of a charity. The great majority of trustees serve as volunteers, and receive no payment (other than to repay necessary out-of-pocket expenses incurred). Trustees should work together as a team, and have collective responsibility for their charity.	چیرٹی کے متولی وہ افراد ہیں جن سے مل کر چیرٹی کو چلانے والی انجمن بنتی ہے۔ انہیں متولی، ڈائریکٹر، بورڈ ممبر، گورنر یا کمیٹی ممبر کی حیثیت سے جانا جاسکتا ہے۔ متولیان کسی رفاہی ادارے کے نظم و انصرام اور انتظام کو کنٹرول کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ متولیوں کی بھاری اکثریت رضاکاران کی حیثیت سے کام کرتی ہے اور انہیں کوئی معاوضہ نہیں ملتا (سوائے برداشت کئے گئے ضروری اخراجات کی باز ادائیگی کے)۔ متولیوں کو چاہئے کہ وہ ایک جماعت کی حیثیت سے کام کریں اور اپنے رفاہی ادارے کے تئیں مشترکہ ذمہ داری کے حامل ہوں۔

Being a trustee can be hard work, but by contributing you should also gain. Trusteeship should be rewarding, providing opportunities for personal development. As you give your skills to the running of your charity, you will at the same time gather new skills and experience.	متولی ہونا ایک مشکل کام ہوسکتا ہے، لیکن تعاون فراہم کرکے آپ کو فائدہ بھی حاصل ہونا چاہئے۔ شخصی ترقی کے مواقع فراہم کرتے ہوئے، تولیت سودمند ثابت ہوگی۔ اپنے رفاہی ادارے کے چلانے میں اپنی صلاحیت کو صرف کرتے ہوئے، ساتھ ہی ساتھ آپ نئی مہارت اور تجربہ حاصل کریں گے۔
What are the duties of trustees?	متولیوں کے فرائض کیا ہیں؟
Trustees have, and must accept, ultimate responsibility for directing the affairs of their charity, ensuring that it is solvent and well-run, and delivering the charitable outcomes for the benefit of the public for which it was set up. You need to keep in mind the following areas of responsibility.	**اپنے رفاہی ادارے کے معاملات میں رہنمائی کرنا متولیوں کی بنیادی ذمہ داری ہے، اور لازم ہے کہ وہ اسے تسلیم کریں، اور اس بات کی یقین دہانی کرائیں کہ وہ قرض کی ادائیگی پر قادر ہے اور اچھی طرح چلائی جا رہی ہے اور خیراتی منافع کو عوام کے فائدے کے لئے تقسیم کریں جس کے لئے اس کی تشکیل عمل میں آئی ہے۔ آپ کے لئے ضروری ہے کہ ذمہ داری کے درج ذیل میدانوں کو ذہن میں رکھیں۔**
Ensuring compliance – Trustees must ensure that their charity complies with:	تعمیل کی یقین دہانی – لازم ہے کہ متولیان اس بات کی یقین دہانی کرائیں کہ ان کا رفاہی ادارہ درج ذیل کی تعمیل کرتا ہے:
• Charity law, and the requirements of the Charity Commission as regulator; in particular you must ensure that the charity prepares reports on its work, and submits annual returns and accounts as required by law. You can find more information in our publication *The Hallmarks of an Effective Charity* (CC60).	• چیرٹی سے متعلقہ قانونی، اور منتظم کار کی حیثیت سے چیرٹی کمیشن کی شرائط؛ خاص طور پر لازم ہے کہ آپ اس بات کی یقین دہانی کرائیں کہ چیرٹی اپنے کام پر رپورٹ تیار کرتی ہے اور قانون کے تقاضوں کے مطابق سالانہ ریٹرن اور حساب جمع کرتی ہے۔ آپ کو ہماری اشاعت *مؤثر چیرٹی کے امتیازی نشانات* (*The Hallmarks of an Effective Charity*) (CC60) میں مزید معلومات مل سکتی ہیں۔
• The requirements or rules, and the charitable purpose and objects, set out in the charity's own governing document. All trustees should have a copy of this document, and be familiar with it.	• چیرٹی کے چلانے والے اس کے اپنے دستاویزات میں بیان کردہ شرائط یا قوانین اور چیرٹی کے کام کے اغراض و مقاصد۔ سارے متولیوں کے پاس اس دستاویز کی ایک نقل ہونی چاہئے، اور چاہئے کہ وہ اس سے مانوس ہوں۔

• The requirements of other legislation and other regulators (if any) which govern the activities of the charity; these will vary according to the type of work the charity carries out, and whether it employs staff or volunteers.	• ایسے دیگر قوانین اور دیگر منتظم کار (اگر ہوں) کی شرائط جو چیرٹی کی کارروائیوں کو چلاتے ہوں؛ چیرٹی کے ذریعہ انجام دیئے جانے والے کام کی نوعیت، اور یہ کہ وہ عملہ سے کام لیتی ہے یا رضاکاران سے، اس کے مطابق یہ بدلتے رہیں گے۔
• The requirement for trustees to act with integrity, and avoid any personal conflicts of interest or misuse of charity funds or assets. You should check the charity's governing document for provisions relating to conflicts of interest, and you can find more information in our website guidance on conflicts of interest and in our publication *Payment of Charity Trustees* (CC11).	• اجتماعیت کے ساتھ عمل کرنے، اور مفاد کے کسی بھی شخصی تصادم سے بچنے یا چیرٹی کے فنڈ یا اثاثوں کے غلط استعمال سے احتراز کرنے کے تئیں متولیوں کے لئے شرط۔ آپ کو چاہئے کہ مفاد کے تصادم سے متعلق شرائط کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے کے لئے چیرٹی کا نظم و نسق چلانے والی دستاویز کا جائزہ لیں، اور آپ کو مفاد کے تصادم پر مزید معلومات ہماری ویب سائٹ رہنمائی یا ہماری اشاعت *چیرٹی کے متولیوں کا معاوضہ (Payment of Charity Trustees)* (CC11) میں مل سکتی ہیں۔
Duty of prudence – Trustees must:	دانشمندی کا فرض – متولیوں کے لئے لازم ہے کہ:
• Ensure that the charity is and will remain solvent; this means that you need to keep yourself informed of the charity's activities and financial position.	• وہ اس بات کی یقین دہانی کرائیں کہ چیرٹی قرض کی ادائیگی پر قادر ہے اور آئندہ بھی رہے گی؛ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے لئے ضروری ہے کہ آپ چیرٹی کی کارکردگیوں اور مالی حالت سے اپنے آپ کو باخبر رکھیں۔
• Use charitable funds and assets wisely, and only to further the purposes and interests of the charity.	• خیراتی فنڈ اور اثاثوں کا استعمال دانشمندی سے اور صرف چیرٹی کے مقاصد اور مفادات کو آگے بڑھانے کے لئے کریں۔
• Avoid undertaking activities that might place the charity's property, funds, assets or reputation at undue risk.	• ایسی سرگرمیوں کی ذمہ داری سنبھالنے سے گریز کریں جو چیرٹی کے املاک، فنڈ، اثاثے یا نیک نامی کو بیجا خطرہ میں ڈال دے۔
• Take special care when investing the funds of the charity, or borrowing funds for the charity to use.	• چیرٹی کے فنڈ کو کسی کام میں لگاتے وقت، یا چیرٹی کے استعمال کے لئے فنڈ ادھار لیتے وقت خاص توجہ دیں۔
Duty of care – Trustees must:	نگہداشت کا فرض – متولیوں کے لئے لازم ہے کہ:
• Exercise reasonable care and skill as trustees, using personal knowledge and experience to ensure that the charity is well-run	• ذاتی علم اور تجربہ کا استعمال کرتے ہوئے، متولیوں کی حیثیت سے معقول نگہداشت اور مہارت کو عمل میں لائیں تاکہ اس بات کی یقین دہانی

and efficient.	کرائی جاسکے کہ چیرٹی کو اچھی طرح چلایا جا رہا ہے اور وہ فعال ہے۔
• Consider getting external professional advice on all matters where there may be material risk to the charity, or where the trustees may be in breach of their duties.	• ان تمام معاملات میں خارجی پیشہ ورانہ صلاح لینے پر غور کریں جہاں چیرٹی کے لئے مادی خطرہ ہوسکتا ہے، یا جہاں متولیان اپنے فرائض کی انجام دہی میں قانون شکنی کر سکتے ہیں۔
To fulfil these responsibilities properly, trustees should make sure that they keep up to date with what the charity is doing. You should give enough time and energy to the business of the charity, and meet regularly enough to make the decisions needed. How this is done will vary between different types and sizes of charity.	ان ذمہ داریوں کو مناسب انداز میں نبھانے کے لئے، متولیوں کو چاہئے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ ان کاموں سے بخوبی آگاہ ہوں جنہیں چیرٹی انجام دے رہی ہے۔ آپ کو چاہئے کہ چیرٹی کے کام کو کافی حد تک وقت اور توانائی دیں اور مطلوبہ فیصلے کرنے کے لئے برابر ملتے رہیں۔ یہ کس طرح انجام پاتا ہے یہ چیرٹی کی مختلف اقسام اور حجم میں بدلتا رہے گا۔
What is the Charity Commission?	**چیرٹی کمیشن کیا ہے؟**
We are the independent charity regulator for England and Wales. Our job is to work with charities to ensure that they are accountable, well run and meet their legal obligations. We also aim to promote public trust and confidence in charities. Most charities must register with us, although some types of charity do not have to register. We provide a wide range of advice and guidance to charities. We produce a twice yearly newsletter which is sent to all registered charities in England and Wales and offer a number of online services via our website www.charitycommission.gov.uk. You can also read and download any of our publications and guidance from our website.	**ہم انگلینڈ اور ویلس میں چیرٹی کے آزاد منتظم کار ہیں۔ ہمارا کام رفاہی اداروں کے ساتھ عمل کرکے اس بات کی یقین دہانی کرانا ہے کہ وہ ذمہ دار ہیں، انہیں اچھی طرح چلایا جاتا ہے اور وہ اپنے قانونی فرائض کی انجام دہی کر رہے ہیں۔ ہمارا مقصد یہ بھی ہے کہ رفاہی اداروں کے تئیں عوام کے اعتماد اور بھروسے کو فروغ دیا جائے۔ بیشتر رفاہی اداروں کے لئے لازم ہے کہ وہ ہم سے رجسٹریشن کرائیں، تاہم رفاہی اداروں کی کچھ اقسام ایسی ہیں جن کے لئے ہم سے رجسٹریشن کرانا ضروری نہیں ہے۔ ہم رفاہی اداروں کو متعدد صلاح اور رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ ہم سالانہ دو بار اخبار نامہ تیار کرتے ہیں جو انگلینڈ اور ویلس میں سارے رجسٹرڈ رفاہی اداروں کو ارسال کیا جاتا ہے اور ہم اپنی ویب سائٹ www.charitycommission.gov.uk کے توسط سے متعدد آن لائن خدمات پیش کرتے ہیں۔ آپ ہماری ویب سائٹ سے ہماری کوئی بھی اشاعت اور رہنمائی پڑھ سکتے ہیں اور ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں۔**
What happens if things go wrong?	**اگر کوئی غلطی ہو جائے تو کیا ہوتا ہے؟**
We offer information and advice to charities on both legal	**ہم رفاہی اداروں کو قانونی شرائط اور بہتر ترین عمل دونوں کے بارے میں معلومات اور صلاح پیش کرتے ہیں**

requirements and best practice to help them operate as effectively as possible and to prevent problems arising. In the very few cases where serious problems occur, we have wide powers to look into them and put things right. Depending on the circumstances and the charity's governing document, trustees may be personally liable for any debts or losses that the charity faces. However, personal liability of this kind is rare, and trustees who have followed the requirements summarised in this booklet will generally be protected.	**تاکہ انہیں زیادہ سے زیادہ مؤثر انداز میں عمل کرنے اور اٹھنے والی مشکلات کی روک تھام میں مدد دی جاسکے۔ بہت ہی کم معاملات میں جہاں سنجیدہ مسائل درپیش ہوتے ہیں، ہمیں ان کا جائزہ لینے اور انہیں درست کرنے کے لئے وسیع تر اختیارات جاصل ہیں۔ حالات اور چیرٹی کو چلانے والے دستاویز پر انحصار کرتے ہوئے، چیرٹی کو پیش آنے والے کسی بھی نقصان یا قرض کے لئے متولیان شخصی طور پر ذمہ دار ہو سکتے ہیں۔ تاہم، اس طرح کی شخصی ذمہ داری کا واقعہ شاذ و نادر ہی پیش آتا ہے، اور وہ متولیان جنہوں نے اس کتابچہ کے اندر خلاصہ کی گئی شرائط پر عمل کئے ہیں عموما ان کی حفاظت کی جائے گی۔**
Where can I find out more?	**مجھے مزید معلومات کہاں سے حاصل ہوسکتی ہیں؟**
This is only a summary of the responsibilities and duties of trustees and you can find out more in *The Essential Trustee: What you need to know* (order reference CC3), which contains more detailed information. To get a copy of this or any of our other publications you can:	یہ متولیان کی ذمہ داریوں اور فرائض کا صرف ایک خلاصہ ہے اور آپ کو *اساسی متولی: آپ کے لئے کیا جاننا ضروری ہے* (*The Essential Trustee: What you need to know*) (آرڈر کا حوالہ CC3) میں مزید جانکاری مل سکتی ہے، جو زیادہ تفصیلی معلومات پر مشتمل ہے۔ اس کی یا ہماری کسی بھی دیگر اشاعت کی نقل حاصل کرنے کے لئے آپ:
• view and print them from our website www.charitycommission.gov.uk	• ہماری ویب سائٹ پر پڑھیں اور وہاں سے پرنٹ لیں www.charitycommission.gov.uk
• order during opening hours - Monday to Friday 08:00-20:00 and 09:00-13:00 Saturdays - by phoning us on 0845 300 0218;	• کھلنے کے اوقات میں آرڈر دیں - پیر سے جمعہ تک 08:00-20:00 اور سنیچر 09:00-13:00 - 0845 300 0218 پر ہمیں فون کرکے؛
or • write to Charity Commission Direct, PO Box 1227, Liverpool, L69 3UG.	یا • (چیرٹی کمیشن ڈائریکٹ) Charity Commission Direct, PO Box 1227, Liverpool, L69 3UG کو لکھیں۔
For a full list see the Publications section of our website or *Charity Commission Publications* (order code CC1).	مکمل فہرست کے لئے ہماری ویب سائٹ کا حصۂ اشاعت یا *چیرٹی کمیشن پبلیکشنز* (*Charity Commission Publications*) (آرڈر کا کوڈ CC1) دیکھیں۔

As well as the guidance we produce, there are many other resources that trustees can use to help them carry out their duties. We encourage you to make use of the wide range of organisations that can help you run your charity as effectively as possible. Details of some of these organisations are listed in *The Essential Trustee: What you need to know*. You can also find details of other sources of information in ‘Useful links’ on the homepage of our website.	ہماری طرف سے پیش کی جانے والی رہنمائی ہی کی طرح سے، بہت سے دیگر ذرائع بھی ہیں جنہیں متولیان اپنے فرائض کی انجام دہی میں مدد لینے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔ ہم ان متعدد تنظیموں کے استعمال کے لئے آپ کی ہمت افزائی کرتے ہیں جو آپ کو زیادہ سے زیادہ مؤثر انداز میں اپنی چیرٹی کو چلانے میں مدد دے سکتی ہیں۔ ان تنظیموں میں سے کچھ کی تفصیلات *اساسی متولی: آپ کے لئے کیا جاننا ضروری ہے (The Essential Trustee: What you need to know)* میں دی گئی ہیں۔ آپ کو ہماری ویب سائٹ کے صفحۂ اول پر 'مفید رابطے' میں معلومات کے دیگر ذرائع کی تفصیلات بھی مل سکتی ہیں۔
You can obtain large-print versions of this publication from the Charity Commission on 0845 300 0218	آپ اس اشاعت کے لارج پرنٹ نسخے چیرٹی کمیشن سے 0845 300 0218 پر حاصل کر سکتے ہیں۔
Charity Commission	**چیرٹی کمیشن**
Telephone: 0845 300 0218	ٹیلیفون: 0845 300 0218
Typetalk: 0845 300 0219	ٹائپ ٹاک: 0845 300 0219
Website: **www.charitycommission.gov.uk**	ویب سائٹ: www.charitycommission.gov.uk
Original draft version by James Tickell.	مسودہ کا اصل نسخہ بذریعہ جیمس ٹکل (James Tickell)۔
© Crown copyright 2007. This publication may be reproduced free of charge in any format or medium provided that it is reproduced accurately and not used in a misleading context. The material must be acknowledged as Crown copyright and the title of the publication specified.	© کراؤن کاپی رائٹ 2007۔ یہ اشاعت کسی بھی شکل اور وسیلہ میں دوبارہ بلا کسی معاوضہ کے پیش کی جاسکتی ہے بشرطیکہ اسے من و عن پیش کیا جائے اور اس کا استعمال گمراہ کن سیاق میں نہ کیا جائے۔ لازم ہے کہ مواد کو کراؤن کاپی رائٹ کے طور پر تسلیم کیا جائے اور اشاعت کے ٹائٹل کی صراحت کر دی جائے۔

The Essential Trustee: An introduction. January 2007. CC3A	اساسی متولی: ایک تعارف- جنوری 2007. CC3A